تعزیتی مکتوب

بسم اللہ الرحمٰن الرحیم

از عبدالمنان نور پوری بطرف جناب محترم مولانا عبدالحمید عامر۔ حفظہ اللہ القادر السلام علیکم ورحمۃ اللہ وبرکاتہ

امابعد! خیریت موجود عافیت مطلوب

موقر جریدہ ''الاعتصام'' میں خبر پڑھی کہ جناب محترم کی والدہ ماجدہ وفات پا گئی ہیں انا للہ وانا الیہ راجعون۔ اللہ تعالیٰ آپ کو، آپ کے خویش واقارب کو صبر جمیل کی توفیق سے نوازے آمین یارب العالمین۔ صبر جمیل ہی میں اجر جزیل ہے۔ اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "ان الله مع الصابرين " پھر اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے "وبشر الصابرين الذين اذا اصابتهم مصيبة قالو ا انالله و انا اليه راجعون أولئک عليهم صلوات من ربهم و رحمة و أولئک هم المهتدون " نیز اللہ تعالیٰ کا فرمان ہے " انما يوفى الصابرون أجر هم بغير حساب " عمر بن خطابؓ فرمایا کرتے تھے "نعم العدلان و نعم الحلاوة".

اللہ تعالیٰ آپکی والدہ ماجدہ کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے۔ اللهم اغفر لها، وارحمها، وعافها، واعف عنها، وأكرم نزلها، ووسع مدخلها، واغسلها بالماء والثلج والبرد، ونقها من الخطايا كما نقيت الثوب الأ بيض من الدنس وأبد لها دارًا خيرًا من دارها، وأهلاً خيرًا من أهلها، وأدخلها الجنة، وأعذها من عذاب القبر و من عذاب النار اللهم ان أمتک هذه في ذمتک و حبل جوارک ،فقها فتنة القبر و عذاب النار ، وأنت أهل الوفاء والحق فاغفرلها، وارحمها انک أنت الغفور الرحيم اللهم انها أمتک ، و بنت عبدک ، وبنت أمتک ، وقد احتاجت الى رحمتک ، وأنت غنى عن عذابها ، فان كانت محسنة فزد فى احسانها ، وان كانت مخطئة فتجاوزعن خطيئا تها، اللهم لاتحرمنا أجرها، ولاتفتنا بعدها ، ولا تضلنا بعدها .

تمام احباب واخوان کی خدمت میں تحیۂ سلام پیش فرمادیں۔

از عبدالمنان نور پوری سرفراز کالونی۔ گوجرانوالہ